[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

**A**

**BILL**

further to amend the Regulation of Generation, Transmission and Distribution of Electric Power Act, 1997

**WHEREAS,** it is expedient further to amend the Regulation of Generation, Transmission and Distribution of Electric Power Act, 1997 (XL of 1997) for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.-** (1) this Act may be called the Regulation of Generation, Transmission and Distribution of Electric Power (Amendment) Act, 2019.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section18, Act XL of 1997.-** In the Regulation of Generation, Transmission and Distribution of Electric Power Act, 1997, in section 18, in sub-section (1), for the full stop (.) at the end, a colon (:) shall be substituted and thereafter, the following proviso shall be added, namely:-

> "Provided that, any Company, shall not disconnect the electricity, on any ground of any consumer who regularly pays his bills. Moreover, the electricity of a consumer regularly paying bills, shall not be disconnected on the pretext that his neighbours or other consumers of that particular locality do not pay bills."

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

It has come to knowledge that electricity distribution companies also disconnect electricity connections of those consumers who pay their bills regularly. However their neighbours or the people of that locality (Mohalla) do not pay Bills. This is injustice to those who pay their bills regularly and they are punished for the crime committed by others. Distribution companies have failed to evolve a mechanism in this regard. So this Bill is need of the hour.

**Sd/-**
**SYED AGHA RAFIULLAH**
Member, National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

## برقی توانائی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم کا انضباط ایکٹ، ۱۹۹۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے برقی توانائی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم کے انضباط ایکٹ ، ۱۹۹۷ء (نمبر ۴۰ بابت ۱۹۹۷ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا برقی توانائی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم کا انضباط (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۱۹ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۴۰ بابت ۱۹۹۷ء، دفعہ ۱۸ کی ترمیم:۔** برقی توانائی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم کا انضباط ایکٹ ، ۱۹۹۷ء میں، دفعہ ۱۸ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، آخر میں وقف کامل (۔) کو شرحہ (:) سے تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد حسب ذیل جملہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"مگر شرط یہ ہے کہ کوئی کمپنی کسی بھی بنیاد پر ایسے صارف کی بجلی منقطع نہیں کرے گی جو باقاعدگی سے بل ادا کرتا ہے۔ مزید بر آں! باقاعدگی سے بل ادا کرنے والے صارف کی بجلی اس وجہ سے بھی منقطع نہیں کی جائے گی کہ اس کے پڑوسی یا ارد گرد کی آبادی کے دیگر صارفین بل ادا نہیں کرتے۔"

## بیان اغراض و وجوہ

یہ بات مشاہدے میں آئی ہے کہ بجلی کی تقسم کار کمپنیاں ان صارفین کی بجلی منقطع کر دیتی ہیں جو اپنے بل باقاعدگی سے ادا کرتے ہیں۔ تاہم ان کے ہمسائے یا اس آبادی (محلہ) کے لوگ بل ادا نہیں کرتے۔ یہ ان لوگوں کے ساتھ ناانصافی ہے جو اپنے بل باقاعدگی سے ادا کرتے ہیں اور ان کو دوسروں کے جرائم کی سزا بھگتنی پڑتی ہے۔ تقسیم کار کمپنیاں اس حوالے سے کوئی نظام وضع کرنے میں ناکام رہی ہیں۔ لہٰذا یہ بل وقت کی ضرورت ہے۔

دستخط/۔

سید آغا رفیع اللہ

رکن، قومی اسمبلی